ISSN 2977-3555
روزنامہ
صحافت
برمنگھم
باخبر، باأثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.




عرب دنیا کا نتن یاہو کے 'گریٹر اسرائیل' کے توسیع پسندانہ گھمنڈ پر شدید ردعمل ص:02

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

Volume No.03, Issue No.39 , Friday 15 August, 2025, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۳۹)، بروز جمعہ، ۱۵/اگست، ۲۰۲۵ء، ۲۰/صفر المظفر، ۱۴۴۷ء، ۸ صفحات

## غزہ میں قابض اسرائیل کی مسلط کردہ بھوک پالیسی کے لرزہ خیز اعداد و شمار جاری

غزہ: غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر نے انکشاف کیا کہ پورا غزہ اس وقت ایک ایسی انسانی تباہی سے دوچار ہے جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ ہسپتال اور صحت مراکز موت کے مناظر میں بدل چکے ہیں، جہاں 24 لاکھ سے زائد شہری جن میں 12 لاکھ سے زیادہ معصوم بچے شامل ہیں، قابض اسرائیل کی مسلط کردہ قحط اور شدید غذائی قلت کا شکار ہیں۔ دفتر نے اپنے بیان میں بتایا کہ وزارت صحت کے مصدقہ اعداد و شمار کے مطابق اب تک بھوک اور غذائی قلت کے باعث 235 شہری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ ان میں 106 بچے، 129 بالغ افراد شامل ہیں جن میں 19 خواتین، 75 معمر افراد اور 35 مرد شامل ہیں۔ اعداد و شمار میں یہ بھی سامنے آیا کہ 40 ہزار شیر خوار (جن کی عمریں ایک سال سے کم ہیں) بچے شدید غذائی قلت میں مبتلا ہیں اور ان کی زندگیاں کسی بھی لمحے ختم ہو سکتی ہیں۔ مزید 2 لاکھ 50 ہزار پانچ سال سے کم عمر بچے خوراک کی شدید کمی کا سامنا کر رہے ہیں جو براہِ راست ان کی جانوں کے لیے خطرہ ہے۔ اس کے علاوہ 12 لاکھ سے زائد اٹھارہ سال سے کم عمر بچے سنگین غذائی عدم تحفظ کی حالت میں زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اعداد و شمار اس ہولناک اور منظم جرم کی گواہی دیتے ہیں جو قابض اسرائیل نے فلسطینی عوام کے خلاف بھوک کو ہتھیار بنا کر کیا ہے۔ یہ عمل بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے اور براہِ راست نسل کشی کے زمرے میں آتا ہے۔ سرکاری میڈیا دفتر نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور تمام انسانی، قانونی اور حقوقِ انسانی تنظیموں سے فوری مطالبہ کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، اس انسانی تباہی کو روکیں، خوراک اور ادویات کی فراہمی کو کسی شرط اور پابندی کے بغیر یقینی بنائیں، غزہ کا محاصرہ ختم کریں اور تمام سرحدی گزرگاہیں فی الفور کھول کر جو بچی کچھی زندگیاں ہیں انہیں بچایا جائے۔

## یمن میں ہزاروں افراد کا صحافی انس الشریف اور ساتھیوں کے بہیمانہ قتل کے خلاف احتجاج




صنعاء: یمن کی سب سے بڑی درسگاہ صنعاء یونیورسٹی میں ہزاروں طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی عملے نے ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں قابض اسرائیل کی جانب سے جاری غزہ میں فلسطینیوں کی اجتماعی نسل کشی کے خلاف بھرپور آواز بلند کی گئی اور الجزیرہ کے بہادر فلسطینی صحافی انس الشریف اور ان کے رفقاء کے سفاکانہ قتل کی شدید مذمت کی گئی۔

یہ مظاہرہ "غزہ کی نصرت جاری رکھیں گے" کے عنوان سے منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی انتظامیہ نے بھرپور کردار ادا کیا۔ یہ یونیورسٹی 2014ء سے حوثی فورسز کے زیر انتظام ہے اور ملک کی سب سے اہم تعلیمی اداروں میں شمار ہوتی ہے۔

شرکاء نے ہاتھوں میں فلسطین اور یمن کے پرچم تھام رکھے تھے اور ایسے پُراثر نعروں اور بینرز کے ذریعے اپنا غم و غصہ ظاہر کیا جو قابض اسرائیل کی طرف سے غزہ کے معصوم عوام پر ڈھائے جانے والے اجتماعی قتل عام اور نسل کشی کی کھلی مذمت کر رہے تھے۔ مظاہرین نے دنیا کی بے حسی کے باوجود اسرائیلی ریاست کی ظالمانہ بھوک مار پالیسیوں کے خلاف بھرپور نعرے بازی کی۔

احتجاج کے دوران ایک شہری نے ایک خوبصورت مگر دردناک تصویر تخلیق کی جو صحافی انس الشریف کو رپورٹنگ کے دوران دکھا رہی تھی، جس کے ذریعے اس جری فلسطینی صحافی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف قابض اسرائیل کے وحشیانہ جرم کو اجاگر کیا گیا۔

یہ مظاہرہ نہ صرف یمنی عوام کے دلوں میں فلسطینی کاز کے ساتھ اٹوٹ وابستگی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ قابض اسرائیل کے جنگی جرائم اور انسانی اقدار کی پامالی کے خلاف دنیا کو جھنجھوڑنے کی ایک کوشش بھی ہے۔

## یورپی سپر کپ میں غزہ سے یکجہتی اور قابض اسرائیل کی نسل کشی روکنے کا مطالبہ

روم: یورپی سپر کپ 2025ء کے فائنل میچ کے دوران غزہ کے مظلوم عوام سے یکجہتی کا ایک غیر معمولی منظر دیکھنے میں آیا، جب دو فلسطینی بچے، تالا اور محمد افتتاحی تقریب میں شریک ہوئے۔ یہ میچ اٹلی کے شہر اُودینی میں پیرس سینٹ جرمین (فرانس) اور ٹوٹنہم ہاٹسپر (انگلینڈ) کے درمیان کھیلا گیا۔ تالا اور محمد اس وقت اٹلی کے شہر میلان میں عارضی طور پر مقیم ہیں، جہاں وہ قابض اسرائیل کی وحشیانہ نسل کشی کے نتیجے میں لگنے والے شدید زخموں کا علاج کروا رہے ہیں۔ 12 سالہ تالا کو میلان اس لیے منتقل کیا گیا کیونکہ غزہ کے ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور آلات کی کمی کے باعث اس کا علاج ممکن نہ تھا۔ 9 سالہ محمد ایک صہیونی فضائی حملے میں شدید زخمی ہوا، اس نے اسی حملے میں اپنے والدین کو کھو دیا اور اب علاج کے مراحل سے گزر رہا ہے۔ میچ شروع ہونے سے قبل اسٹیڈیم میں ایک بڑا بینر لہرایا گیا جس پر لکھا تھا کہ "بچوں کا قتل بند کرو، شہریوں کا قتل بند کرو"۔ یہ پیغام دنیا کے سامنے ایک کھلا اور بھرپور مطالبہ تھا کہ غزہ میں معصوم جانوں پر جاری درندگی کا سلسلہ فوراً ختم کیا جائے۔

یورپی فٹبال فیڈریشن "یوایفا" نے اس تقریب میں فلسطینی پناہ گزین بچوں سمیت کئی دیگر مہاجر بچوں کو مدعو کیا تھا تاکہ وہ ٹرافی اور میڈلز کی تقسیم میں شریک ہوں۔ اس اقدام نے دنیا بھر کے شائقین کے دل جیت لیے اور یہ واضح پیغام دیا کہ کھیل کے میدان میں بھی انسانیت اور حق کی آواز بلند کی جا سکتی ہے۔

## قابض اسرائیل مارچ سے غزہ میں امداد کی راہ میں رکاوٹ بن رہا ہے، 100 عالمی تنظیموں کا الزام




غزہ: دنیا بھر کی 100 سے زائد عالمی امدادی تنظیموں نے انکشاف کیا ہے کہ مارچ سے اب تک ان میں سے بیشتر ایک بھی انسانی امداد کا ٹرک غزہ داخل نہیں کر سکیں کیونکہ قابض اسرائیلی حکام دانستہ طور پر ضرورت مند فلسطینی عوام تک امداد پہنچنے سے روک رہے ہیں۔ یہ انکشاف عبرانی اخبار ہآرٹس کی رپورٹ میں جمعرات کو کیا گیا۔

ان تنظیموں نے واضح کیا کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ہی 60 سے زائد بار امدادی قافلوں کے داخلے سے انکار کیا گیا، جس کے باعث لاکھوں ڈالر مالیت کا پینے کا پانی، ادویات، خوراک اور خیموں کا سامان اردن اور مصر کے گوداموں میں رکا ہوا ہے، جبکہ غزہ کے شہری خوراک اور بنیادی ضروریات کی شدید قلت میں مبتلا ہیں۔

مارچ میں قابض اسرائیل نے ایک نیا طریقہ کار نافذ کیا جس کے تحت تمام عالمی امدادی تنظیموں کو وزارتِ امورِ جلاوطن کے ڈائریکٹر جنرل کی سربراہی میں قائم ایک مشترکہ وزارتی کمیٹی میں رجسٹریشن لازمی قرار دی گئی۔ اس رجسٹریشن کو مسترد یا منسوخ کرنے کی بنیاد میں کسی تنظیم کی سیاسی سرگرمیاں، قابض اسرائیل کے بائیکاٹ کی حمایت یا اس کے غاصبانہ وجود کو چیلنج کرنے جیسے امور شامل کیے گئے۔

یہ طریقہ کار عالمی تنظیموں کو اپنے غیر ملکی عملے اور ان کے اہل خانہ کی تفصیلی معلومات فراہم کرنے پر مجبور کرتا ہے، جسے ان تنظیموں نے یورپی یونین اور اپنے ممالک کے نجی معلومات کے تحفظ کے قوانین کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔ معروف عالمی تنظیمیں جن میں ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز، ناروے جین ریفیوجی کونسل اور اوکسفام شامل ہیں اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہہ چکی ہیں کہ قابض اسرائیل ان اقدامات کے ذریعے انسانی ہمدردی کے کاموں پر نگرانی اور دباؤ بڑھا کر حقائق کو چھپانا چاہتا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری اور ڈونر ممالک سے فوری طور پر غزہ کے تمام راستے کھولنے اور امداد کی آزادانہ ترسیل یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔

ان تنظیموں کے قانونی نمائندہ یوتم بن ہیلیل نے کہا کہ قابض اسرائیل کا یہ نیا اقدام محض سیاسی شعبدہ بازی ہے جس کا مقصد ان بین الاقوامی تنظیموں کو ہدف بنانا ہے جو دہائیوں سے فلسطینی علاقوں اور غزہ میں غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ معیار کے تحت کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام دنیا میں کہیں اور نظر نہیں آتا۔ یوتم بن ہیلیل کے مطابق عالمی قوانین ان تنظیموں کو اپنے عملے کی نجی معلومات محفوظ رکھنے کا پابند بناتے ہیں۔ لہٰذا ان کی فراہمی قانونی اور مالی خطرات کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر یہ معلومات نہ دی جائیں تو قابض اسرائیل ان تنظیموں کی سرگرمیاں روک دیتا ہے اور تین ہفتے میں منظوری نہ ملنے پر تمام عملے کے اخراج کا مطالبہ کرتا ہے۔

انہوں نے اس فیصلے کو قابض اسرائیل کی جانب سے بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی اور غزہ کے محصور عوام کو خوراک، دوا اور پناہ سے محروم کرنے کا ایک اور حربہ قرار دیا۔

قابض اسرائیلی حکام نے ان الزامات کی تردید کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ یہ اقدامات امداد براہِ راست فلسطینی عوام تک پہنچانے اور اسے حماس کے ہاتھ لگنے سے روکنے کے لیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تقریباً 20 عالمی تنظیمیں ان کے وضع کردہ ضوابط پر عمل کر رہی ہیں اور روزانہ تقریباً 300 ٹرک امداد غزہ پہنچا رہی ہیں۔ قابض اسرائیل کے مطابق تاخیر صرف ان صورتوں میں ہوتی ہے جب تنظیمیں سکیورٹی شرائط پر عمل نہیں کرتیں۔

## 'لیجیٹمیسی سیل' قابض اسرائیل کا غزہ میں سچ دبانے اور دنیا کو گمراہ کرنے کا نیا ہتھیار

غزہ: غزہ پر قابض اسرائیل کی ہمہ گیر اور تباہ کن جنگ کے عروج پر دو محاذ ایک ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ ایک زمین پر قتل و تباہی کی مشین اور دوسرا جھوٹ و فریب کا پرچار کرنے والا پراپیگنڈا۔ برطانوی اخبار "گارڈین" کے مطابق قابض اسرائیل اپنی سیاسی اور ابلاغیاتی طاقت کو استعمال کرتے ہوئے غزہ سے نکلنے والی سچائی کو روکنے اور دنیا تک پہنچنے والی معلومات پر مکمل قابو پانے کی کوشش کرتا ہے تاکہ بین الاقوامی رائے عامہ کے سامنے اپنی خون آشامی کو چھپا سکے اور اپنے مسلسل جرائم کو خوشنما بنا کر پیش کرے۔

اس مقصد کے لیے صہیونی افواج نے دو رخ اپنا رکھے ہیں۔ ایک طرف فلسطینی بیانیے کو مکمل طور پر دبانا اور دوسری طرف جھوٹ پر مبنی خود ساختہ کہانیاں تراشنا جو قابض اسرائیل کے اقدامات کو جائز قرار دینے کا بہانہ بن سکیں۔

سنہ 2023ء میں شروع ہونے والے اس وحشیانہ حملے کے آغاز سے ہی قابض فوج نے غیر ملکی صحافیوں کو غزہ میں داخل ہونے سے روک دیا، سوائے چند انتہائی محدود دوروں کے جو بھی قابض فوج کی نگرانی میں ہوئے اور جن پر سخت پابندیاں عائد کی گئیں۔ اس کے ساتھ ہی فلسطینی صحافیوں پر دھمکیوں، براہِ راست نشانہ بنانے اور قتل کی مہم چلائی گئی، جس میں درجنوں کو شہید اور سیکڑوں کو زخمی کر کے خاموش کرنے کی کوشش کی گئی۔

اگرچہ کئی معروف فلسطینی صحافی حالات کی سنگینی یا زخموں کے باعث غزہ چھوڑنے پر مجبور ہوئے، پھر بھی ایک نیا عزم رکھنے والا قافلہ میدان میں ڈٹا رہا، جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر قابض اسرائیل کے قتل عام، محاصرے اور بھوک کی داستانیں دنیا تک پہنچاتا رہا، چاہے اس قیمت پر انہیں اور ان کے اہلِ خانہ کو براہِ راست نشانہ کیوں نہ بنایا گیا ہو۔

خلیہ الشرعیہ سچائی کے قتل کا ادارہ

ماہرین کے مطابق قابض اسرائیل نے زمین پر اور ابلاغی میدان میں دوہری جنگ چھیڑ رکھی ہے۔ اس کی نمایاں مثال وہ ادارہ ہے جسے صہیونی صحافی 'یووال ابراہام' نے "خلیہ الشرعیہ" (آئینی سیل) کا نام دیا، جو قابض اسرائیل کے ملٹری انٹیلی جنس ڈویژن (امان) کا حصہ ہے۔ یہ سیل قتل و جارحیت کو قانونی اور ابلاغی غلاف میں لپیٹنے کا کام کرتا ہے۔

ابراہام کے انکشافات کے مطابق اس سیل میں شامل افسران کا کام جعلی "ثبوت" اور جھوٹے بیانیے گھڑنا ہے تاکہ غزہ میں شہریوں کو نشانہ بنانے کو جائز ٹھہرایا جا سکے۔ یہ سیل مزاحمتی قوتوں پر جھوٹے الزامات تراشتا ہے، جیسے غلط راکٹ فائر کرنا یا شہریوں کو ڈھال بنانا۔ سب سے خطرناک کام ان کا یہ ہے کہ وہ غزہ کے ایسے صحافیوں کی تلاش کرتے ہیں جنہیں مزاحمتی جماعتوں کے کارکن قرار دے کر قتل کرنے کا جواز بنایا جا سکے۔

یہ جنگ صحافیوں کے لیے دہائیوں میں سب سے خونریز ثابت ہوئی ہے۔ تازہ ترین مثال پچھلے ہفتے کی ہے جب قابض فوج نے الشفاء میڈیکل کمپلیکس کے قریب صحافیوں کے خیموں پر حملہ کر کے 6 صحافیوں کو شہید کر دیا، جن میں 5 الجزیرہ چینل سے وابستہ تھے، جن میں غزہ شہر کے نامور رپورٹر انس الشریف اور محمد قریقع شامل تھے۔ اس طرح گزشتہ 22 ماہ میں قابض اسرائیل کی نسل کشی کے دوران شہید ہونے والے صحافیوں کی تعداد 238 ہو گئی۔ قابض اسرائیل کا مقصد واضح ہے سچائی کا گلا گھونٹنا اور شہادت دینے والوں کو ختم کرنا۔ زیادہ تر بااثر صحافیوں کو براہِ راست دھمکیاں دی گئیں کہ



خاموش رہیں ورنہ انجام بھگتنا پڑے گا اور جب وہ خاموش نہ ہوئے تو انہیں شہید کر دیا گیا۔

پراپیگنڈا اور فریب

سیاسی تجزیہ کار اور ابلاغیات کے استاد ڈاکٹر ایاد القرا کے مطابق قابض اسرائیل پراپیگنڈے کو غیر معمولی اہمیت دیتا ہے، جس کے لیے وہ جھوٹ، آدھے سچ اور من گھڑت خبریں استعمال کرتا ہے اور اپنی عبرانی اور مغربی میڈیا مشینری کے ذریعے دنیا کی بڑی خبر رساں ایجنسیوں اور چینلز پر کنٹرول قائم رکھتا ہے۔

قابض اسرائیل فلسطینی صحافیوں کو حماس یا "دہشت گرد" قرار دینے کی مہم چلاتا ہے تاکہ ان کی سچائی کو بدنام کیا جا سکے، حالانکہ یہی بیانیہ یورپ اور دنیا کے کئی حصوں میں عوام تک پہنچنے میں کامیاب ہوا ہے۔

الجزیرہ کے شہید رپورٹر انس الشریف کی مثال اس پالیسی کو واضح کرتی ہے۔ قابض اسرائیل نے الزام لگایا کہ وہ نوجوانی میں حماس میں شامل رہا، حتیٰ کہ اس پر راکٹ فائر کرنے والے گروہ کی قیادت کا جھوٹا دعویٰ کیا اور اس کے خلاف جعلی تصاویر جاری کیں۔ حالانکہ اس کا صحافتی کام، عوامی موجودگی اور براہِ راست کوریج سب کے سامنے ہے۔

اگر یہی الزام کسی اسرائیلی صحافی پر لگتا جو اکثر فوجی بھی ہوتے ہیں، تو دنیا بھر میں ہنگامہ کھڑا ہو جاتا، مگر فلسطینیوں کے خلاف یہ حربہ خاموشی سے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ان کے قتل کو جواز مل سکے۔ سچائی کے بہتے چشمے کو روکنا قابض اسرائیل کی پالیسی ہے کہ صحافیوں کو قتل کر کے، ان کا کام روک کر اور بین الاقوامی میڈیا کو غزہ سے باہر رکھ کر سچائی کے چشمے کو خشک کر دیا جائے۔ یہ "صحافت کا قتل" ہے تاکہ آخری عینی شاہد بھی خاموش ہو جائے۔

حقوقِ انسانی کے محقق احمد ابوزہری کے مطابق یہ ٹارگٹ کلنگ اور صحافیوں کا منظم قتل، بین الاقوامی قانون کے مطابق جنگی جرم اور نسل کشی کا حصہ ہے، جو عالمی فوجداری عدالت کے دائرہ کار میں آتا ہے۔ دنیا کو فلسطینی صحافت کی آواز سے محروم کرنا قابض اسرائیل کے جرائم پر پردہ ڈالنے اور اس کے مجرموں کو سزا سے بچانے کا ذریعہ ہے۔

یہ کوئی وقتی انتقام نہیں بلکہ ایک منظم صہیونی فوجی اور ابلاغی حکمت عملی ہے جس کا مقصد غزہ کی عوامی داستان کو ہمیشہ کے لیے دفن کرنا ہے۔ یہ حکمت عملی نہ صرف سچائی کو قتل کرتی ہے بلکہ مظلوموں کے زخموں پر نمک چھڑکتی ہے اور انصاف کی راہ میں ایک اور دیوار کھڑی کر دیتی ہے۔

## امریکی میڈیکل ایسوسی ایشن کا اسرائیل پر تنقید کرنے والے ممتاز اردنی ڈاکٹر کی رکنیت منسوخ کرنے کا شرمناک اقدام



غزہ: امریکہ کی اینڈوکرائن سوسائٹی نے نامور اردنی معالج ڈاکٹر کامل العجلونی کی رکنیت اس وقت منسوخ کر دی جب انہیں اسرائیل پر تنقید کرنے کے الزام میں جھوٹی "یہود دشمنی" کا مرتکب ٹھہرایا گیا۔ یہ فیصلہ اس لیکچر کے بعد کیا گیا جو ڈاکٹر العجلونی نے سنہ 2024ء میں عمان میں "یہودیت میں دوسرے کو قبول کرنا: حقیقت یا سراب؟" کے عنوان سے دیا تھا۔ یہ لیکچر دراصل اس کتاب کا موضوع تھا جو انہوں نے سنہ 2010ء میں تحریر کی اور جسے اردن کی وزارت ثقافت نے "مکتبۃ الاسرہ" منصوبے کے تحت شائع کیا، جس کی سرپرستی ملکہ رانیہ العبداللہ کرتی ہیں۔ اس فیصلے نے اردن کے طبی حلقوں اور عوام میں شدید غم و غصے کی لہر دوڑا دی۔ اسے اظہارِ رائے کی آزادی پر براہ راست حملہ اور قابض اسرائیل کے فلسطینیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم پر تنقید کرنے والی آوازوں کو دبانے کی کوشش قرار دیا گیا۔ ناقدین نے نشاندہی کی کہ یہی سوسائٹی سنہ 2008ء میں ڈاکٹر العجلونی کو دنیا کا بہترین اینڈوکرائن ماہر قرار دے کر ایوارڈ دے چکی تھی، مگر آج وہی ادارہ انہیں محض اس لیے نکال رہا ہے کہ انہوں نے تاریخی اور مذہبی حوالوں پر مبنی حقائق بیان کیے۔ اپنے لیکچر میں ڈاکٹر العجلونی نے کہا تھا کہ "اس میں کوئی شک نہیں کہ غزہ میں جاری مظالم ہر اس انسان کے دل کو جھنجھوڑ دیتے ہیں جو ذرا بھی انسانیت رکھتا ہو۔ پھر اگر وہ عرب اور مسلمان ہو، جو اپنی آنکھوں سے شیر خوار بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کے قتل عام کے مناظر دیکھ رہا ہو، تو اس کا دکھ ناقابل بیان ہو جاتا ہے۔ قابض صہیونی فوجی معصوم فلسطینی جانوں کے قتل کو کھیل سمجھتے ہیں"۔ انہوں نے مزید کہا "ان جرائم پر حیرت صرف اس لیے ہے کہ ہم اس انتہا پسند یہودی عقیدے سے واقف نہیں جو غیر یہودی کے قتل کو عبادت اور ان کے مال کو یہودی کی ملکیت سمجھتا ہے۔ غیر یہودی کو وہ محض حیوان تصور کرتے ہیں جسے اللہ نے انسانی شکل میں ان کی خدمت کے لیے پیدا کیا ہے۔" انہوں نے عربوں اور مسلمانوں کو نصیحت کی کہ وہ تورات اور تلمود کا مطالعہ کریں تاکہ ان پالیسیوں کے فکری پس منظر کو سمجھ سکیں۔

## جھلسا دینے والی گرمی میں خیموں کی بھٹیوں میں جلتے پگھلتے غزہ کے بے نوا بچوں کے درد کا درمان کب ہوگا؟



غزہ: جھلسا دینے والی دھوپ کے نیچے، مٹی میں اٹکے بوسیدہ خیموں کے درمیان، گندے پانی کی نالیوں کے قریب غزہ کے بچے ایک ایسے جنگی جہنم میں پل رہے ہیں جہاں بچپن کا کوئی وجود نہیں۔ وہاں قابض اسرائیل کی جانب سے جاری اجتماعی نسل کشی کو اب بائیس ماہ سے زیادہ گزر چکے ہیں۔

جنوبی غزہ کے علاقے مواصی خان یونس میں جہاں بے گھر ہونے والوں کا سمندر دور دور تک پھیل چکا ہے، زمین ایک کھلے المیہ میں بدل گئی ہے۔ سکول، نہ کھیل، نہ سکون، بس بمباری کی دہاڑ اور دنیا کا خاموش تماشہ۔

نیند کو خوف نے چرا لیا: تین بچوں کی ماں مریم سلیم کہتی ہیں کہ "ہم بمباری اور موت کے خوف سے سو ہی نہیں پاتے۔ ہم چند ماہ قبل بیت حانون سے بے گھر ہوئے مگر بار بار جگہیں بدلنے پر مجبور ہیں۔ ہر دن ہم اپنے بچوں کو دلاسہ دیتے ہیں کہ دھماکہ دور ہوا ہے، مگر سچ یہ ہے کہ اس سرزمین پر کوئی جگہ دور نہیں"۔

کیمپ کے ایک کونے میں چھ سالہ عادل ریت سے کھیل رہا تھا جیسے وہ اس زمین سے بالکل مختلف ایک نئی دنیا تراشنے کی کوشش کر رہا ہو۔ اس کے پہلو میں اس کی ماں نجلاء خلیل تھی جو ٹوٹے ہوئے کنگھے سے چھوٹی بہن کے بال سنوار رہی تھی۔ وہ کہتی ہیں "بہت عرصے سے بچے نہائے نہیں، پانی نہیں، صابن ختم، بیماریوں سے کیسے بچائیں؟"

یہ خیمے کبھی گھر نہیں تھے۔ مگر طویل ہوتی جنگ نے انہیں ایسے مکانات میں بدل دیا ہے جو نہ گرمی کی تپش سے بچاتے ہیں نہ رات کی ٹھنڈ سے۔ خیمے کے اندر پھٹے پرانے کمبل بچھے ہیں، کھانے کو ایک معمولی سی خوراک جو بہ مشکل پیٹ کا دوزخ ٹھنڈا کرتی ہے۔ نجلاء کہتی ہیں "کئی دن تو کچھ نہیں ملتا سوائے خشک روٹی کے۔ بچے بھوکے ہیں مگر بھوک سے زیادہ مجھے ان کے مستقبل کی فکر دامن گیر رہتی ہے"۔

دل دہلا دینے والے اعداد و شمار: اکتوبر سنہ 2023ء سے شروع ہونے والی قابض اسرائیل کی اجتماعی نسل کشی میں اب تک اکسٹھ ہزار سے زیادہ فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جن میں کم از کم اٹھارہ ہزار معصوم بچے شامل ہیں۔ یہ اعداد صرف ایک عدد نہیں بلکہ ایک چیخ ہیں جو انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑتی ہیں۔ مگر المیہ صرف براہِ راست قتل پر ختم نہیں ہوتا۔ بین الاقوامی اداروں کے مطابق آج غزہ میں ایک لاکھ سے زائد بچے شدید غذائی قلت کے خطرے سے دوچار ہیں۔ محاصرے، تباہی اور امداد کی کمی کے باعث قحط نے 103 بچوں کی زندگیاں خاموشی سے چھین لیں۔ نہ کوئی ان تک پہنچ سکا نہ دوا مل سکی۔

سکول، علم کی بجائے موت سے پناہ کا مرکز: غزہ پر خونی جارحیت مسلط کیے جانے کے آغاز سے سکول تعلیم کی جگہ موت سے بچنے کے ٹھکانے بن گئے ہیں۔ تعلیم کا سلسلہ مکمل طور پر رک گیا ہے۔ بستے اب کھانے کا ٹکڑا یا وہ چند کپڑے اٹھانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں جو بے گھر خاندان اپنے ساتھ لا سکے۔ ساٹھ سالہ ام حازم کئی پوتوں کی دادی ہیں کہتی ہیں "سال کے آغاز پر میں اپنے پوتے پوتیوں کے لیے کاپیاں اور قلم تیار کر رہی تھی۔ آج وہی کاپیاں روٹی لپیٹنے یا پانی لے جانے کے لیے خریدی جاتی ہیں"۔

رضاکار ڈاکٹروں کے مطابق کیمپوں میں صحت کی صورتحال الم ناک ہے۔ ڈاکٹر ہانی ابو زید کہتے ہیں "جلدی امراض، اسہال، آنکھوں کے انفیکشن ڈرا دینے والی عام شکایات بن چکی ہیں۔ تمام راستے بند ہیں، دوا پر پابندی ہے...... بخار کم کرنے والی گولی تک نایاب ہو چکی ہے"۔

معصوم بچوں کا بچپن بھی چھین لیا گیا: یہاں کوئی منظر بچپن کی یاد نہیں دلاتا۔ مٹھائی، نہ گرمی سے بچانے والا سایہ، نہ دل کو سکون دینے والی سلامتی۔ سمیہ دو بچوں کی ماں ہیں۔ وہ کہتی ہیں "جنگ سے پہلے میرے بچے سکول کی تیاری کرتے، گلی میں کھیلتے، ہنستے، آج وہ بس یہ چاہتے ہیں کہ اگلا دن زندہ دیکھ سکیں"۔

وہ مزید کہتی ہیں "ہر رات ایک نیا خوف ہے، صرف بمباری نہیں، چوہوں سے، کیڑوں سے، گرمی سے، بھوک سے اور آنے والے کل

